امام کعبہ الشیخ ڈاکٹر عبدالرحمٰن السدیس حفظہ اللہ سے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کی ملاقات

گزشتہ ماہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر اور مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے امام کعبہ فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر عبدالرحمٰن السدیس سے مکہ مکرمہ میں اُن کے دفتر میں ملاقات کی۔ الشیخ السدیس ادارہ شؤون (امور) مسجد الحرام و مسجد النبوی الشریف کے رئیس ہیں اور حرمین شریفین کی حالیہ توسیع اُنہی کی نگرانی میں ہو رہی ہے۔

اس ملاقات میں رئیس الجامعہ نے امام کعبہ مرحوم الشیخ محمد بن عبداللہ السبیل کی وفات پر اظہار تعزیت کی، الشیخ السدیس نے بھی الشیخ السبیل کی عظیم خدمات کو سراہا۔

امام کعبہ نے جامعہ علوم اثریہ جہلم کی تبلیغ دین کے حوالہ سے خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور مزید ترقی کی دُعا کی۔

مکہ مکرمہ میں ڈاکٹر عبدالمجید بن محمد بن عبداللہ السبیل سے

رئیس الجامعہ کی ملاقات

گزشتہ ماہ سفر سعودی عرب کے دوران رئیس الجامعہ نے عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد امام کعبہ سماحۃ الشیخ محمد بن عبداللہ السبیل کی وفات پر اُن کے صاحبزادے ڈاکٹر عبدالمجید السبیل (پروفیسر ام القریٰ یونیورسٹی مکہ مکرمہ) سے تعزیت کی۔ اس موقع پر رئیس الجامعہ نے اُن کے مرحوم والد کی خدمات کو سراہا اور کہا کہ عالم اسلام میں توحید و سنت کی نشر و اشاعت کے حوالے سے مرحوم کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ اُنہوں نے کہا کہ اہل جہلم مرحوم کی دو مرتبہ جہلم تشریف آوری کو آج تک نہیں بھولے اور بالخصوص ستمبر 1979 میں اے ٹی گراؤنڈ جہلم میں مرحوم کا تاریخی خطبہ جمعہ انمٹ نقوش چھوڑ گیا۔

رئیس الجامعہ نے انہیں بتایا کہ مرحوم کی وفات کی خبر سے اہل جہلم بڑے مغموم ہوئے اور جہلم کی بیشتر مساجد میں اُن کی غائبانہ نماز جنازہ ادا کی گئی۔ اس موقع پر مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق بھی اُن کے ہمراہ تھے۔